جماعتی اداروں کی طالبات کی حضور انور سے ملاقات

پروگرام کے مطابق گیارہ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ایوان طاہر میں تشریف لائے، جہاں عائشہ اکیڈمی، حفظ قرآن، سنڈے سکول اور سمر سکول کی طالبات اور سٹاف ممبرات نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے شرف ملاقات حاصل کیا۔

عائشہ اکیڈمی کی 17 طالبات، حفظ قرآن کی 12 طالبات، عائشہ اکیڈمی اور حفظ قرآن سکول کی 12 سٹاف ممبرات، سنڈے سکول کی 102 سٹاف ممبرات اور سمر سکول کی 6 سٹاف ممبرات نے اس پروگرام میں شرکت کی۔

پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم اور اس کے اردو ترجمہ سے ہوا۔ اس کے بعد نظم پیش کی گئی۔ بعد ازاں حفظ قرآن، عائشہ اکیڈمی، سنڈے سکول اور سمر سکول کا مختصر تعارف کروایا گیا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے حفظ قرآن کی بچیوں سے دریافت فرمایا کہ کتنا قرآن کریم حفظ کیا ہے؟ اس پر ان کی ٹیچر نے عرض کیا کہ سکول ابھی چونکہ 4 جون سے شروع ہوا ہے اس لئے بچیوں نے ابھی آخری پندرہ سورتیں حفظ کی ہیں۔

اس کے بعد حضور انور نے عائشہ اکیڈمی کی طالبات سے ان کے مضامین کے بارہ میں دریافت فرمایا اور حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی کتب کے بارہ میں نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے مختلف موضوعات پر اقتباسات پڑھیں۔ حضور انور نے Essence of Islam پڑھنے کی تلقین فرمائی۔

بعد ازاں سنڈے سکول کی پرنسپل نے سنڈے سکول کا تعارف کرواتے ہوئے بتایا کہ اس وقت کینیڈا میں سات سنڈے سکول کام کر رہے ہیں۔ جس میں سے کیلگری کے علاوہ باقی مقامات کی ٹیچرز کلاس میں موجود ہیں جو کہ پانچ سال سے لے کر پندرہ سال تک کے تقریباً 1500 لڑکے لڑکیوں کو مقررہ نصاب پڑھاتی ہیں۔

سوال و جواب

اس کے بعد طالبات کے سوالات پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ آدھا دین عائشہ سے سیکھو۔ پس عورتوں کی تربیت بہت ضروری ہے۔ **عائشہ اکیڈمی میں جماعت کی کم از کم 25 فیصد خواتین تعلیم حاصل کریں۔** حضور انور نے عائشہ اکیڈمی کی طالبات کو پردے کا معیار ہر جگہ قائم رکھنے کی تاکید فرمائی اور اس مادی دنیا سے متاثر ہوئے بغیر اپنا اسلامی معیار قائم رکھتے ہوئے زندگی گزارنے کی تاکید فرمائی۔

آخر پر حضور انور نے دعا کروائی۔

بعد ازاں پروگرام کے مطابق درج ذیل 33 شعبہ جات نے باری باری مختلف گروپس کی صورت میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت پائی۔

شعبہ MTA، شعبہ نمائش، تبلیغ، Reception، Volunteer Pool، سٹیج سیٹ اپ اینڈ وائنڈ اپ، شعبہ آڈیو، پریذیڈنٹس اینڈ ریجنل امراء، میڈیا ٹیم، فوٹو گرافرز اور جلسہ گاہ ایڈمنسٹریشن، شعبہ مہمان نوازی جلسہ گاہ، شعبہ مہمان نوازی بیت الاسلام، شعبہ پانی اور چائے سپلائی، شعبہ ٹیلیفون، فرسٹ ایڈ، ہومیوپیتھی، فوڈ سٹالز وغیرہ، شعبہ تربیت، رپورٹنگ۔ شعبہ مہمان نوازی خاص مہمان VIP Guest، شعبہ لجنہ Coordination وصفائی، شعبہ سٹور، انسپیکشن، مال، عمومی، شعبہ لنگر خانہ نمبر 5,3,2,1، شعبہ سپلائی اجناس و گوشت و بجلی وغیرہ، شعبہ رجسٹریشن، استقبال، ٹرانسپورٹ، مکانات، رہائش۔

شعبہ سیکیورٹی پیس ویلج، شعبہ آفس ایڈمنسٹریشن، شعبہ حفاظت خاص، سیکیورٹی لنگر خانہ، سیکیورٹی جلسہ گاہ مردانہ، سیکیورٹی لوائے احمدیت، شعبہ ریفریشمنٹ، سیکیورٹی جلسہ گاہ زنانہ، شعبہ عمومی، شعبہ پارکنگ جلسہ گاہ۔